© rasailojaraid.com



# تبصرے

## خاص نمبر

**رہنمائے تعلیم انسانیت نمبر** تقطیع کلاں ضخامت ۲۷۲ صفحات طباعت وکتابت بہتر قیمت دو روپیہ۔ پتہ :- دفتر رسالہ رہنمائے تعلیم تراہا بیرم خاں دہلی۔

سردار صاحب ماسٹر جگت سنگھ صاحب اردو زبان کے بہت پرانے اور مخلص خادم ہیں ماہنامہ "رہنمائے تعلیم" کے ذریعہ وہ ایک عرصۂ دراز سے بلا تفریق مذہب وملت ملک کی تعلیمی خدمات انجام دے رہے ہیں بحیثیت انسان کے موصوف جن اخلاقی اوصاف اور کمالات وفضائل کے حامل ہیں ان کا اندازہ کرنے کے لئے یہی بات کافی ہے کہ اگرچہ آپ ان خانماں خراب لوگوں میں سے ہیں جن کو فرقہ پرستی کے جنون نے اپنا وطن اور اپنا سب کچھ چھوڑ کر پنجاب سے دہلی آنے پر مجبور کیا لیکن اس کے باوجود کیا مجال کہ سردار صاحب کے آئینۂ شرافت وکمال انسانی پر ہلکا سا ایک بال بھی آیا ہو زبان سے بے تعصبی اور انصاف کا نام لینے والے کم نہیں لیکن ایسے لوگ آٹے میں نمک کے برابر ہیں جو دراصل اپنے عمل اور طور طریق سے بھی انسانیت وشرافت کے اعلیٰ اقدار کے حامل ہوں اور کوئی شبہ نہیں کہ سردار صاحب انھیں چند خاص قسم کے افراد میں سے ہیں اسی بنا پر آپ ہر فرقہ اور ہر مذہب کے لوگوں میں مقبول ومحبوب ہیں اور سب آپ کی عزت کرتے ہیں رسالہ رہنمائے تعلیم لاہور کا بہت پرانا ماہنامہ ہے سردار صاحب نے ترک وطن کے بعد دہلی میں رہائش اختیار کرتے ہی اسے دہلی سے شائع کرنا شروع کر دیا تھا زیر تبصرہ نمبر اسی کا خاص نمبر ہے جس میں ہر فرقہ اور ہر ملت کے اونچے درجہ کے لیڈروں، ادیبوں، شاعروں، مردوں



© rasailojaraid.com